**C–15–A**

Total No. of Questions : 12]                    [Total No. of Printed Pages : 15

*SSERKNO17*

*15115–A*

*URDU*

**Time : 3 Hours ]**                    **[Maximum Marks : 100**

**(i)** تفصیلی جواب طلب سوالات۔

۱۔ درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان کے ساتھ

۱۵۰ / سے ۲۰۰ / الفاظ پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے۔ ۱۲

(الف) جنگلات ......... سبز سونا ......... آب و ہوا ......... بارشیں .........

مختلف پیڑ پودے ......... جڑی بوٹیاں ......... جنگلی جانوروں کی پناہ گاہیں

......... سیرگاہیں ......... چراگاہیں ......... شور مچاتے نالے .........

زمین کے کٹاؤ کی حفاظت ......... لکڑیاں ......... بانس ......... عمارتی

لکڑی ...... سرسبزی ...... آبشاریں ...... بجلی گھر ...... محکمہ

جنگلات شجرکاری مہم ...... سرکاری اقدامات ...... لکڑی کا کٹاؤ

شیخ نورالدینؒ کا کشمیری کلام ...... زراعت کا دارومدار ......

ہماری ذمہ داریاں ...... ۔

(ب) ...... میرا ہمسایہ ...... نہایت شریف آدمی ...... ہمارے

آپسی گھریلو تعلقات ...... ایکدوسرے کے ہاں آنا جانا ...... خواتین

کے باہمی تعلقات ...... غم اور خوشیوں میں آپسی رابطے ...... مثالی گزر

بسر ...... باہمی ہمدردیاں اور غم گساریاں ...... بچوں کے آپسی

تعلقات ...... ساتھ ساتھ چلنا پھرنا ...... تعلیم ...... کھیل کود ......

لڑائی جھگڑوں سے کوسوں دور ...... دکھ سکھ میں ایکدوسرے کے ساتھی

...... ہماری ہمسائیگی ...... باقی لوگوں کے لئے باعثِ رشک

...... ۔

(ج) زندگی کا مقصد ........ استاد ......... ڈاکٹر .......... انجینئر ........

نوکری ........ تجارت ......... استاد ......... قوم کا معمار ......... رہبر اور

رہنما دل و دماغ ......... روشن خیالی ........ محنتی ......... بے لوث خدمت

........ انسانیت کا درس ........ قلیل آمدنی ......... مطمئن زندگی ........

سکون اور راحت کی زندگی ........ سماج کا بہترین فرد ......... معزز پیشہ

........ میرا دل پسند ........۔

۲: اپنے اسکول کے سربراہ کے نام اسکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ اجرا کرنے کی درخواست لکھئے۔

(یا)

اپنے علاقے کے متعلقہ انجینئر کے نام بغیر کٹوتی بجلی فراہم کرنے کے لئے ایک درخواست تحریر کیجئے۔

(یا)

اپنے چھوٹے بھائی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اسے تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیل کود میں حصہ لینے کی تاکید کی گئی ہو۔ ۸

۳۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو سلیس اردو میں لکھئے۔ مضمون اور مصنف کا حوالہ بھی دیجئے۔ ۸

(الف) دو روز بعد میں اپنے لان میں بیٹھی اخبار پڑھ رہی تھی ایک تصویر دیکھ کر میری نظریں جم کر رہ گئیں۔ یہ تصویر ایک عورت کی تھی خون میں لت پت لہو کے رنگ میں ڈوبی ہوئی۔ اس مردہ جسم کے قریب ہی دو چیزیں صاف نظر آ رہی تھیں۔ گڑیا اور سپید پھولوں کا گلدستہ۔ گڑیا جیسے دلہن بننے سے پہلے ہی بیوہ ہو چکی تھی اور سپید سپید پھول لہو کا رنگ اپنا چکے تھے۔

(ب) مخالفت سہنے کا ان میں عجیب وغریب مادہ تھا۔ کیسا ہی اختلاف ہو وہ

صبر کے ساتھ سہتے رہتے تھے۔ جواب دیتے تھے لیکن حجت نہیں کرتے تھے۔ بعض اوقات نامعقول بات اور کج بحثی پر غصہ آتا تھا، لیکن ضبط سے کام لیتے تھے۔ ضبط اور اعتدال ان کے بہت بڑے اوصاف تھے اور یہ دو خوبیاں ان کے کلام میں بھی کامل طور پر پائی جاتی ہیں۔

۴۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

(i) خوشامد۔

(ii) عبرت۔ ۷

(یا)

۵۔ درج ذیل چار سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے۔

(i)۔ فرش پر سے پتھر ہٹانے کے بعد شہزادے نے زمین کے اندر کیا دیکھا؟

(ii) پنڈت چندر دھر کو اپنے پیشے کی عظمت کا احساس کس طرح ہوا؟

(iii) خوشامد میں کیا کیا عیب ہوتے ہیں؟

(iv) انسان اور انسانیت کی فلاح کے لئے اقبال کا پیغام کیا ہے؟

درج ذیل نثری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ ٦

(i) ناول۔

(ii) داستان۔

(iii) خاکہ۔

کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔ ٦

(i) پریم چند۔

(ii) غلام السیدین۔

(iii) سرسید احمد خان۔

۷۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کی بحوالہ شاعر تشریح کیجئے۔ ۶

(الف) پہنچا جو آپ کو تو میں پہنچا خدا تئیں

معلوم اب ہوا کہ بہت میں بھی دور تھا

(ب) غم و غصہ و رنج و اندوہ و حرماں

ہمارے بھی ہیں مہرباں کیسے کیسے

(ج) روک لو گر غلط چلے کوئی

بخش دو گر خطا کرے کوئی

(د) ہوں اس کوچہ کے ہر ذرہ سے آگاہ

اُدھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

(ہ) آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھے ہیں

جو اُجڑے اور پھر نہ بسے دل وہ نرالی بستی ہے

(د) یہی بہت ہے کہ مجھ پر تری توجہ ہے

تری نگاہ کا انداز دوسرا ہی سہی

(یا)

دیئے گئے شعری اجزاء میں سے کسی ایک جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے حوالے سے لکھئے۔

(الف) تو اے ابر رحمت جھومتا آیا

شرف آدم و آدمیت نے پایا

تو وہ سرو قامت نہیں جس کا سایہ

مگر بن کے رحمت تو عالم پہ چھایا

قدم تیرا جب سے پڑا ہے زمیں پر

زمیں فوق رکھتی ہے عرش بریں پر

(ب) یہ کون بے زباں ہے تمہیں کچھ خیال ہے

دُرِ نجف ہے بانوے بے کس کا لال ہے

لو مان لو تمہیں قسمِ ذوالجلال ہے

یثرب کے شاہزادے کا پہلا سوال ہے

پوتا علی کا تم سے طلب گارِ آب ہے

دے دو گر اس میں نام وری ہے ثواب ہے

۸۔ درج ذیل دو نامکمل اقتباسات کی مدد سے کسی ایک شاعر کے حالاتِ زندگی اور شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالیے۔ ۶

(الف) مرزا غالب کے دادا مغل بادشاہی کے ........... میں ایران سے ........... آئے۔ ان کے خاندان کو ........... میں ........... مرتبہ ملا۔ غالب آگرہ میں ........... پیدا ہوئے ........... غالب کو اردو شاعروں میں ...........

ہے۔ فارسی شاعری میں بھی بلند ہے۔ غالب نے اردو ...... میں

الگ نکالی۔

(ب) سید محمد شبیب ...... اتر پردیش ...... والد کا سایہ ......

والدہ سے تعلیم ...... عربی فارسی میں فاضل تفسیر ...... استاد ......

طبیہ کالج لکھنؤ ...... میڈیکل آفیسر کے منصب پر سبکدوش ...... گیارہ

سال کی عمر ...... شاعری کی ابتداء مرثیہ ...... سلام ...... نعت وغیرہ

...... غزلیں ...... نظمیں رباعیات ...... بچوں کی نظمیں ......

رسول میر کے کشمیری نغموں کا منظوم ترجمہ ...... شادی سرینگر میں ......

پینتالیس ہزار اشعار ...... سلاموں کے مجموعے ...... ''آتش چنار''

...... بچوں کے مشاعرے ''حرف فروزاں''۔

۹۔ مندرجہ ذیل شعری اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ ۲

(i) نظم۔

(ii) قصیدہ۔

(iii) غزل۔

(ii) مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۰۔ (الف) دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو پُر کر کے عبارت کو مکمل کر کے لکھیے۔ ۴

الفاظ: بستر، آگ، پلنگ، صاف، پوریاں، پانی

مکان، آرام۔

اقتباس: لوگ ........ میں لت پت چھتریاں لگائے، ........ سروں پر اٹھائے

چلے، کرپاشنکر کا ........ قریب تھا۔ وسیع، ........ ستھرا۔ اس نے جاتے ہیں

........ جلوا دی۔ ........ بچھوا دیئے۔ لوگ ........ سے بیٹھے۔ گھر میں

........ پکنے لگیں۔

(ب) اگر محنت کرو گے تو کامیاب ہو جاؤ گے۔ شاباش خوب محنت کرو۔ اس میں تمہاری کامیابی ہے۔

ان جملوں میں ''اگر''، ''تو''، ''شاباش'' اور ''میں'' کس قسم کے حروف ہیں؟ ۴

(ج): درج ذیل جملوں کے خط کشیدہ الفاظ میں سے اسم صفت، اسم فاعل اور اسم مفعول کی نشاندہی کیجئے۔

(i) مظلوم کی آہ اثر رکھتی ہے۔

(ii) جانے والا واپس نہیں آتا۔

(iii) دو کلو آٹا بازار سے لاؤ۔

(iv) گول پتھر ندی کے کنارے پر ملتا ہے۔ ۴

(د) د ترکیب نحوی کیجیے اور جملے کا نام بھی لکھیے۔

احمد اور محمودہ آپس میں بھائی بہن ہیں۔

(یا)

دھوبی کپڑے دھوتا ہے۔ ۴

۱۱۔ (الف) (i) نظیر اکبرآبادی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(ii) نظم مفلسی کو ذہن میں رکھتے ہوئے بتایئے مفلس کو ہر وقت کس چیز کی فکر رہتی ہے؟ ۲

(ب) (i) ''رامائن کا ایک سین'' چکبست کی کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(ii) نظم کے اس منظر کو ہماری کتاب میں کس عنوان سے شامل کیا گیا ہے؟ ۲

(ج) (i) نظم ''جگنو'' کس شاعر نے لکھی ہے؟

(ii) ''جگنو'' پھولوں کی انجمن میں کس چیز کی مانند جل رہا ہے؟ ۲

(iii) نہایت ہی مختصر جواب طلب سوالات۔

۱۲۔ (الف) دیے گئے الفاظ میں سے صرف دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کی تذکیر یا تانیث واضح ہو جائے۔ ۲

پھول۔ بدن۔

بات۔ کھیت۔

(ب) دیے گئے الفاظ میں سے دو کو اس طرح جملوں میں استعمال کیجئے کہ ان کا واحد یا جمع ہونا واضح ہو جائے۔ ۲

کتاب۔ اثر۔

اساتذہ۔ اکابر۔

(ج) دیے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی ضد لکھئے۔ ۲

اوپر۔ میٹھا۔

عاقل۔ دھوپ۔

(و) دیے گئے الفاظ میں سے صرف دو کی جمع الجمع لکھئے۔ ۲

| | |
|---|---|
| رسم۔ | لازم۔ |
| دوا۔ | امر۔ |

(ہ) درج ذیل الفاظ کو ان کے معنی سے جوڑیے۔(صرف دو) ۲

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| جان کنی۔ | مہربانی۔ |
| اغلب۔ | غور کرنا۔ |
| سلوک۔ | ممکن۔ |
| تامل کرنا۔ | نزع کی حالت۔ |